BLUEPRINT & MODEL PAPERS OF SSC EXAMINATIONS FOR ACADEMIC YEAR 2025-2026

BY THE DIRECTOR OF GOVERNMENT EXAMINATIONS(SSC BOARD),A.P

## S.S.C. EXAMINATIONS-FIRST LANGUAGE(URDU)

# BLUE PRINT FOR MODEL PAPER – 2025-2026

**Subject: Urdu** **Max. Marks:100** **Time 3Hrs.15 Min**

**(First Language)**

---

## 1۔ تعلیمی معیارات ۔ استعداد واری میزانی جدول

ALLOCATION OF MARKS

| فیصد | نشانات | استعدادیں | سلسلہ نشان |
|---|---|---|---|
| 24٪ | 24 | سمجھنا۔ ردِ عمل ظاہر کرنا | 1 |
| 44٪ | 44 | اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی اظہار | 2 |
| 32٪ | 32 | زبان شناسی | 3 |
| 100٪ | 100 | جملہ | |

## II.ALLOCATION OF THE TOPICS

## موضوعاتی میزانی جدول

| فیصد | نشانات | موضوعاتی میزانی جدول | سلسلہ نشان |
|---|---|---|---|
| **20%** | **20** | حصہ نظم | **1** |
| **20%** | **20** | حصہ نثر | **2** |
| **20%** | **20** | سرسری مطالعہ | **3** |
| **08%** | **08** | نظم یا نثر سے تخلیقی سوال | **4** |
| **32%** | **32** | زبان شناسی | **5** |
| **100%** | **100** | جملہ | |

## III- WEIGHTAGE FORM OF QUESTIONS

### سوالات کا میزان واری جدول

| سلسلہ نشان | سوالات کے اقسام | سوالات | نشانات | جملہ نشانات | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | طویل جوابی سوالات | 07 | 08 | 56 | 56٪ |
| 2 | مختصر جوابی سوالات | 03 | 04 | 12 | 12٪ |
| 3 | مختصر ترین جوابی سوالات | 09 | 02 | 18 | 18٪ |
| 4 | ایک لفظی یا ایک جملے والے سوالات | 14 | 01 | 14 | 14٪ |
| | جملہ | 33 | | 100 | 100 ٪ |

## IV. X CLASS FIRST LANGUAGE URDU 2025-26 BLUE PRINT

### دسویں جماعت کا بلو پرنٹ

| سلسلہ نشان | موضوعات | سمجھنا۔اظہار خیال کرنا 24نشانات | | | اظہار مافی الضمیر۔تخلیقی اظہار 44نشانات | | | زبان شناسی 32نشانات | | | جملہ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | طویل جوابی | مختصر جوابی | ایک لفظی | طویل جوابی | مختصر جوابی | ایک لفظی | مختصر جوابی | مختصر ترین | ایک لفظی | طویل جوابی | مختصر جوابی | مختصر ترین | ایک لفظی |
| 1 | حصہ نظم | (8)1 | – | – | (8)1 | (4)1 | – | – | – | – | (8)2 | (4)1 | | |
| 2 | حصہ نثر | (8)1 | – | – | (8)1 | (4)1 | – | – | – | – | (8)2 | (4)1 | | |
| 3 | سرسری مطالعہ | (8)1 | – | – | (8)1 | (4)1 | – | – | – | – | (8)2 | (4)1 | | |
| 4 | نظم یا نثر سے سوالات | – | – | – | (8)1 | – | – | – | – | – | (8)1 | – | | |
| 5 | زبان شناسی | | | | | | | | (2)9 | (1)14 | | | (2)9 | (1)14 |
| | جملہ | 24 | | | 32 | 12 | | | 18 | 14 | 56 | 12 | 18 | 14 |

قوسین میں دیے گئے نشانات سوالات کی تعداد ظاہر کر رہے ہیں اور قوسین سے باہر دیے گئے نشانات سوالات کو ظاہر کر رہے ہیں۔

## V۔ سوالات کا میزان واری جدول

| سلسلہ نشان | تعلیمی معیارات | سوال نمبر | سوالات کی شکل | نشانات | سوالات کی نوعیت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| I | سمجھنا۔ رد عمل ظاہر کرنا | 1 | معلوم نظم۔ سوالات | 8نشانات | مضمون | حصہ نظم سے لیا جائے |
| | | 2 | معلوم نثر۔ سوالات | 8نشانات | مضمون | حصہ نثر سے لیا جائے |
| | | 3 | سرسری مطالعہ۔ مختصر سوالات | 8نشانات | مضمون | سرسری مطالعہ کے مضامین سے لیا جائے۔ ترتیب وار جملوں کے بجائے ۴ سوال دیے گئے ہیں، ایک سوال کے لیے ۲ نشانات دیے گئے ہیں۔ |

نوٹ: نثر نظم کی اہمیت مساوی کرنے کے لیے نامعلوم نثر کو حذف کر کے وہ نشانات "اظہار مافی الضمیر" میں دیے گئے سوالات کو مختص کیے ہیں۔

| سلسلہ نشان | تعلیمی معیارات | سوال نمبر | سوالات کی شکل | نشانات | سوالات کی نوعیت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| II | اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی اظہار | 4 | شاعر کا تعارف | 4نشانات | مختصر جوابی | صرف نظم سے لیا جائے |
| | | 5 | نثر کا مواد | 4نشانات | مختصر جوابی | صرف نثر سے لیا جائے |
| | | 6 | سرسری مطالعہ | 4نشانات | مختصر جوابی | صرف سرسری مطالعہ سے لیا جائے |
| | | 7 | خلاصہ | 8نشانات | طویل جوابی | صرف نظم سے لیا جائے |
| | | 8 | نثر۔ مواد سے سوال | 8نشانات | طویل جوابی | صرف نثر سے لیا جائے |
| | | 9 | سرسری مطالعہ سے | 8نشانات | طویل جوابی | صرف سرسری مطالعہ سے لیا جائے |
| | | 10 | تخلیقی اظہار | 8نشانات | طویل جوابی | ایک سوال نظم سے لیا جائے اور ایک سوال نثر سے لیا جائے۔ جس میں خط، مکالمے، اشتہارات، توصیف نامہ بھی دے سکتے ہیں۔ |

| سلسلہ نشان | تعلیمی معیارات | سوال نمبر | سوالات کی شکل | نشانات | سوالات کی نوعیت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| III | زبان شناسی | 11 | صنف کا تعارف | 2 نشانات | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 12 | صنف کا تعارف | 2 نشانات | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 13(الف) | لفظ۔ معنی | 1 نشان | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 13(ب) | لفظ۔ معنی | 1 نشان | | |
| | | 14(الف) | واحد۔ جمع | 1 نشان | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 14(ب) | واحد۔ جمع | 1 نشان | | |
| | | 15(الف) | مترادف | 1 نشان | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 15(ب) | مترادف | 1 نشان | | |
| | | 16(الف) | ضد | 1 نشان | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 16(ب) | ضد | 1 نشان | | |
| | | 17(الف) | تفہیم | 1 نشان | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 17(ب) | تفہیم | 1 نشان | | |
| | | 18 | محاورہ | 2 نشانات | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 19 | لفظ کو جملے میں استعمال کرنا | 2 نشانات | مختصر ترین | مضمون سے یا لفظیات سے دیا جائے۔ |
| | | 20 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 21 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 22 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 23 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 24 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 25 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 26 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 27 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 28 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 29 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 30 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 31 | تفہیم | 1 نشان | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 32 | تفہیم | | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |
| | | 33 | تفہیم | | ایک لفظی | اصنافِ سخن، لفظیات، قواعد سے دیں |

# MODEL QUESTION PAPER - 1 - 2025-26

**CLASS : 10**

**FIRST LANGUAGE - URDU**

---

**TIME : 3hrs 15m** **MARKS : 100**

---

ہدایت برائے طلباء :

1۔ سوالیہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔

2۔ پرچہ سوالات پڑھنے کے لیے 15 منٹ اور جوابات لکھنے کے لیے 3 گھنٹے کا وقت دیا گیا ہے۔

3۔ تمام سوالات کے جواب صرف جوابی بیاض میں لکھیں۔

4۔ جوابات واضح، صاف ستھرے انداز میں لکھیں۔

---

## حصہ ۔ I

سمجھنا۔اظہار خیال کرنا ( نشانات:24)

1- نیچے دیے گئے بند میں سے کسی ایک بند پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے ۔ (8)

سڑکیں تھیں ہر کمپ سے جاری — پانی تھا ہر پمپ سے جاری

نور کی موجیں لمپ سے جاری — تیزی تھی ہر جمپ سے جاری

الف) سڑکیں کس سے بھری پڑی تھیں؟

ب) دہلی میں پانی کی دستیابی کیسی تھی؟

ج) شاعر نور کی موجیں کس کو کہہ رہا ہے؟

د) لفظ 'جمپ' سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

( یا )

خدا سے حسن نے اک روز یہ سوال کیا — جہاں میں کیوں نہ مجھے تو نے لازوال کیا

ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا — شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا

ہوئی ہے رنگِ تغیر سے جو نمود اس کی — وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی

الف )　حسن نے کس سے سوال کیا؟

ب )　جہاں میں لازوال ہونے کی خواہش کس نے ظاہر کی؟

ج )　خدانے حسن کو کیا جواب دیا؟

د )　اس جہاں کی ہر حسین شئے آخر کار کیا ہونے والی ہے؟

2۔　ذیل میں دی گئی معلوم عبارت پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔　(8)

بابائے اردو مولوی عبدالحق اردو زبان کے ان شیدائیوں میں سے تھے جنھوں نے اپنی ساری زندگی اس زبان کی خدمت میں صرف کردی۔ وہ قصبہ ہاپوڑ میں پیدا ہوئے۔ بچپن ہی سے پڑھنے کا بے حد شوق تھا۔ 1894 میں ایم۔اے۔او۔کالج علی گڑھ سے بی۔اے کا امتحان پاس کرنے کے بعد پنجاب اور حیدرآباد میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ عثمانیہ کالج اورنگ آباد میں بطور پرنسپل کام کیا۔ عثمانیہ یونی ورسٹی میں شعبۂ اردو کے صدر اور پروفیسر رہے۔

الف۔　مولوی عبدالحق کہاں پیدا ہوئے۔

ب۔　مولوی عبدالحق نے بی۔اے۔کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

ج۔　عثمانیہ کالج اورنگ آباد میں وہ کس عہدہ پر فائز رہے؟

د۔　عثمانیہ یونی ورسٹی میں ان کا عہدہ کیا رہا؟

3۔　مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔　(8)

الف )　مصنف نے گلی ڈنڈے کو کھیلوں کا راجہ کس بنیاد پر کہا ہے؟

ب )　ہٹے کٹے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہوئی؟

ج )　تانگے والے کو گورے نے کیوں مارا؟

د )　افسانہ نگار ہوٹل میں کس کا منتظر تھا؟

## حصہ - II

اظہار مافی الضمیر ۔تخلیقی اظہار (نشانات:44)

حسب ذیل سوالات کے 4 یا 5 جملوں میں جواب دیجیے۔ 3x4=12

4۔ نظم ''حقیقتِ حسن'' کے شاعر علامہ اقبال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

5۔ اردو زبان کی خصوصیات مختصر بیان کیجیے؟

6۔ مصنف کو فقیروں سے کیوں بغض تھا؟

حسب ذیل سوالات کے 8 یا 10 جملوں میں جواب دیجیے۔ 4x8=32

7۔ نظم ''او دیس سے آنے والے بتا'' کا خلاصہ لکھیے ۔

( یا )

نظم ''جلوۂ دربارِ دہلی'' کا خلاصہ لکھیے ۔

8۔ موتی نگر کی وادی میں داخل ہوتے ہی مسافروں کا مزاج کیوں بدل گیا؟

( یا )

''صنعتی انقلاب'' سے ہمارے قدرتی وسائل کس طرح متاثر ہوئے ہیں تفصیل سے لکھیے ؟

9۔ مضمون ''گلی ڈنڈا'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

( یا )

مضمون ''فقیر'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

10۔ مختلف شعبوں میں شہرت حاصل کرنے والی چند ہندوستانی عورتوں کے نام لکھیے ۔

( یا )

اپنے وطن کی خوبیوں پر ایک مضمون لکھیے ۔

## حصہ - III

**زبان شناسی** نشانات: 32

حسب ذیل سوالاں کے مناسب جواب لکھیے۔ 9x2=18

11۔ نظم کی تعریف لکھیے۔ (2)

12۔ رباعی کسے کہتے ہیں۔ (2)

13۔ (الف) نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے، ہو وہی۔ خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھیے۔ (2)

(ب) گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں۔ خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھیے۔

14۔ (الف) دنیا میں شریف لوگ بہت ہیں۔ خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھیے۔ (2)

(ب) حق پر چل۔ خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھیے۔

15۔ (الف) سورج کا مترادف لفظ کیا ہے۔ (2)

a) قمر b) مہتاب c) آفتاب

(ب) اختر شیرانی ______ شاعر تھے؟

a) انقلابی b) جدید c) رومانی

16۔ (الف) ''لائی حیات، آئے، قضا لے چلی چلے''۔ خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھیے۔ (2)

(ب) مصیبت کے وقت حکمت سے کام لینا چاہیے۔ خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھیے۔

17۔ (الف) مضمون 'عورتوں کے حقوق' کے مصنف کون ہیں؟ (2)

a) سرسید b) حیات اللہ انصاری c) مولوی عبدالحق

(ب) 'حقیقت حسن' کے شاعر

a) جوش ملیح آبادی b) اکبر الہ آبادی c) علامہ اقبال

18۔ آپ کی پسند کا ایک محاورہ لکھیے۔ (2)

19۔ '' قدر و منزلت '' اس لفظ کو جملے میں استعمال کیجیے۔ (2)

حسب ذیل سوالوں کے مناسب جواب لکھیے ۔ **14x1=14**

**20**۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ ( 1 )

**21**۔ چار مصرے والی نظم کو کیا کہتے ہیں؟ ( 1 )

**22**۔ ہیت کے اعتبار سے نظم کی کتنی قسمیں ہیں؟ ( 1 )

**23**۔ حیات اللہ انصاری کہاں پیدا ہوئے؟ ( 1 )

**24**۔ مضمون 'بھیک' کے مصنف کون ہیں؟ ( 1 )

**25**۔ بانگ درا اور بال جبریل کے شاعر کون ہیں؟ ( 1 )

26۔ جلوۂ دربار دہلی کے شاعر کون ہیں؟ ( 1 )

27۔ قمر کا مترادف لفظ کونسا ہے؟ ( 1 )

28۔ غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟ ( 1 )

**29**۔ جس میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہوتا ہے، ایسی کہانی کو کیا کہتے ہیں؟ ( 1 )

**30**۔ بابائے اردو کس کو کہا جاتا ہے؟ ( 1 )

**31**۔ لفظ ''مقدس'' کے معنی کیا ہے؟ ( 1 )

**32**۔ مرزا محمد رفیع کا تخلص کیا ہے؟ ( 1 )

**33**۔ علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟ ( 1 )

☆☆☆